BE SAFE CHICAGO



# محفوظ رہیں۔
# CTA

CHICAGO

# محفوظ رہیں۔ CTA
## اس گائیڈ میں کیا ہے؟

## احتیاط سے دوبارہ کھولنے پر شکاگو درج ذیل کا طالب ہے:

### صحت مندانہ میل جول

**سماجی دوری**




دوسرے افراد سے سماجی دوری پر تحدیدات

**مجمع کا سائز**



افراد کے مجمع پر تحدیدات

**حفاظتی پوشش**



افراد کے ذریعے حفاظتی پوشش کا استعمال

**حفظان صحت کے تقاضے**



حفظان صحت سے متعلق میل جول کو یقینی بنانا (جیسے، ہاتھ دھونا)

### محفوظ جگہیں اور حالات

**داخلہ تک رسائی**



جگہ تک رسائی حاصل کرنے کے لیے داخلہ/نکاسی کی حالت

**صفائی کے معیارات**



جگہ کی جراثیم ربائی کے لیے اختیار کردہ اقدامات

**مرئی رہنمائی**



جگہ میں پوسٹ کردہ حفظان صحت کے وسائل اور رہنمائی

**جائے کار کے حالات**



پیدل ٹریفک، ہوا داری، وغیرہ کی قدر پیمائی

### عمل آوری سے متعلق سکڑاؤ اور نگرانی

**لچک پذیر ماڈلز**



بیماری کی چھٹی کے ساتھ لچک، ریموٹ کام (ممکن ہونے پر)

**عمل آوری سے متعلق سکڑاؤ**



عمل آوری سے متعلق لچک پذیری کے لیے تعاون (جیسے، متعدد شفٹس)

**سفر سے متعلق رہنما خطوط**



مقامات کے بیچ لوگوں کی نقل و حرکت پر پابندی

**جانچ کرنا / ٹریک کرنا**



جانچ کرنے اور ٹریک کرنے کی سہولت رسانی

BE SAFE CHICAGO

# محفوظ رہیں- CTA
## عکاسی کرنے والی مثال




## کیا چیز مختلف ہو سکتی ہے؟

1. **>6 فٹ کی جسمانی دوری کے مرئی اشارے** پورے ٹرانزٹ اسٹیشنز پر رکھے جا سکتے ہیں

2. ملازمین روزانہ چار مرتبہ ٹرانزٹ اسٹیشنز کی **جراثیم ربائی** کریں، اور سروس سے قبل اور اس کے دوران گاڑیوں کی صفائی کریں

3. مسافروں سے ہمہ وقت **فیس کورنگز** پہننے کا تقاضا کیا جاتا ہے

4. سواریوں کو **>6 فٹ کی جسمانی دوری** ہمہ وقت برقرار رکھنے کی ترغیب دی جاتی ہے

5. حفظان صحت، سماجی دوری، مناسب PPE، وغیرہ کے سلسلے میں **مرئی اشارے** پورے ٹرانزٹ اسٹیشنوں پر پوسٹ کیے جائیں

# محفوظ رہیں- CTA
## صحت مندانہ میل جول



سماجی دوری

### ممکن ہونے پر، سواریوں کو 6 فٹ کی سماجی دوری برقرار رکھنے کی ترغیب دیں

- سواری اور آپریٹر کے بیچ مشترک ذمہ داری تاکہ زیادہ سے زیادہ ممکن حد تک سماجی دوری برقرار رکھنے کی کوشش ہو
- سماجی دوری کو فروغ دینے کے لیے، CTA حتی المقدور بہت زیادہ سروسز چلا رہی ہے، بشمول: لمبی ٹرینوں اور بسوں کا اضافہ، جہاں کہیں بھی ممکن ہے، اور منتخب راستوں کے لیے اضافی بسوں کی تعیناتی
- CTA ٹرپ کی بہتر منصوبہ بندی کے لیے راستے میں بھاری بھرکم سواری کے وقت کے بارے میں معلومات کو دیکھ کر رائیڈرشپ انفارمیشن ڈیش بورڈ کا استعمال کریں؛ جو سوار اہل ہیں وہ کم وقت کے سفر کا انتخاب کر سکتے ہیں یا متبادل راستوں کی نشاندہی کر سکتے ہیں



مجمع کا سائز

### مسافروں کو کم بھیڑ والی بسوں اور ٹرین کے ڈبوں میں سوار ہو کر سماجی دوری کو کم کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے

- بسوں اور ٹرینوں میں گاہکوں کی تعداد کو محدود کرنے کے لئے بھیڑ ختم کرنے کے اقدامات جاری رکھیں – 40 فٹ کی بسوں میں 15 مسافر کی حد اور 60 فٹ کی بسوں اور تمام ٹرین کاروں میں 22 مسافروں کی حد
- CTA اپنے مسافروں کی گنجائش کے معیار پر نظر رکھنا جاری رکھے گا اور صحت عامہ کی رہنمائی کے مطابق اور صحت کے نتائج میں بہتری آنے کے ساتھ پورے مرحلے میں مزید صلاحیت کی فراہمی کے لئے ایڈجسٹمنٹ کر سکتا ہے
- حقیقی وقت میں کیمروں کی مدد سے ٹرین اسٹیشنوں پر بھیڑ پر نگاہ رکھیں اور آڈیو اعلان کے ذریعے کسی زیادہ بھیڑ کو سنبھالیں
- صارفین کو رائڈر انفارمیشن ڈیش بورڈ فراہم کریں جو مسافروں کو باخبر فیصلے کرنے میں مدد فراہم کرے گا کہ CTA سے سفر کرنے کا بہترین وقت کب ہے

# محفوظ رہیں۔ CTA
## صحت مندانہ میل جول

حفاظتی پوشش

### تمام افراد سے فیس کورنگ پہننے کا تقاضا کریں اور تمام عملہ کو فیس کورنگ فراہم کریں

- CAT سسٹم، یعنی اس کی بسوں، ٹرینوں اور اسٹیشن کے پلیٹ فارمز پر ہونے کے دوران ہر وقت ناک اور منہ پر فیس کورنگ پہننا لازمی ہے۔ ایسی طبی کیفیات یا معذوریوں کے حامل افراد کے لیے استثناء ہو سکتے ہیں جو انہیں بحفاظت فیس کورنگ پہننے سے باز رکھتی ہیں

حفظان صحت کے تقاضے

### سواریوں کو مناسب حفظان صحت، جیسے ہاتھ دھونے کی مشق کرنے کی ترغیب دیں

- مسافروں کیلئے اچھے حفظان صحت کے طریقوں کے سلسلے میں پورے CTA سسٹم میں علامتی تختی آویزاں کی گئی ہے
- یک وقتی پروموشنل کوششوں کے ذریعے، 22 جون کے ہفتے میں، CTA نے صارفین کو "ٹریول ہیلدی" کٹس تقسیم کیے ہیں، جس میں فیس کورنگ، ہینڈ سینیٹائزر اور حفظان صحت کے اچھے طریقے نافذ کرنے میں مدد اور صحت مندانہ انداز میں سفر کرنے کے طریقوں سے متعلق تجاویز شامل تھیں

### ملازمین کے لیے: ہینڈ سینیٹائزر جائے کار کے تمام مقامات پر دستیاب ہیں

- ملازمین کو کام پر واپس آتے وقت COVID-19 سے متعلق صحت و سلامتی کی تربیت مکمل کرنے کی ترغیب دیں
- تمام ملازمین کو فیس کورنگ، ہینڈ سینیٹائزر، صفائی کے پروڈکٹس اور دستانے فراہم کریں

# محفوظ رہیں- CTA
## محفوظ جگہیں اور کام کرنے کے حالات



**داخلہ تک رسائی**

### میل جول کم کرنے کے لیے اپ ڈیٹ شدہ اعمال جاری رکھیں

- علامت موجود ہونے پر گھر چھوڑنے سے پہلے، تمام CTA ملازمین اور گاہک کو علامات کی از خود شناخت کرنے اور گھر پر رہنے کی ترغیب دی جاتی ہے
- پلیکسی گلاس ڈرائیور شیلڈ کے پیچھے ڈرائیونگ کرنے والے بس آپریٹرز کے موجودہ CTA کے طرز عمل جاری رکھیں
- CTA کے موجودہ طرز عمل جاری رکھیں، بس آپریٹرز بس پر سواریوں کی تعداد اس طرح کم کر سکتے ہیں کہ بس پر طے شدہ زیادہ سے زیادہ تعداد پوری ہو جانے پر، 'صرف ڈراپ' والے اسٹاپس پر رکیں
- CTA کے موجودہ طرز عمل جاری رکھیں، ٹرین کے پہلے ڈبے کے سامنے والے سیکشن کو سواریوں سے گھیر دیں (جیسے، ٹرین آپریٹر کے قریب ترین حصے)

صفائی کے معیارات

## CTA کی گاڑیوں کی صفائی بڑھائیں

- سروس سے پہلے: ریل اور بس کے ہر ڈبے کی صفائی یومیہ سروس کے لیے اس کے روانہ ہونے سے پہلے کی جائے — اس میں سیٹوں، کھمبوں، پکڑنے کے دستوں اور سطحوں کو عفونت ربا سے پونچھنا، نیز جھاڑو لگانا اور کچرے کو ہٹانا شامل ہے
- جب خدمت میں ہو: کارکنان ریل کے ڈبوں کی زیادہ ٹچ ہونے والی سطحوں کی جراثیم ربائی تمام ٹرمینلز پر انہیں ایک چکر پورا کرنے کے بعد اور دوسرے چکر کے لیے مڑنے سے پہلے کریں کارکنوں کو نیوی پیئر، جیفرسن پارک، ہاورڈ اور مڈ وے بس ٹرمینلز پر بھی تعینات کیا گیا ہے تاکہ وہ بسوں میں زیادہ چھوئی جانے والی سطحوں کی جراثیم کشی کریں اور صفائی کریں
- معمولی کی جامع صفائی: روزانہ کی صفائی کے علاوہ ، تمام گاڑیاں معمول کے مطابق "جامع صفائی" سے گزرتی ہیں ، جس میں ونڈوز کے اوپری حصے سے لے کر فرش تک اندرونی سطحوں کی گہری صفائی ہوتی ہے۔ اس عمل کے ایک حصے کے طور پر، عملہ 1 میں 3 پروڈکٹ کا استعمال کرتے ہیں جو گاڑیوں کی تمام سطحوں کو صاف، جراثیم کشی اور بدبو دور کرتے ہیں۔
- صفائی کی ٹیکنالوجیز: جامع صفائی کے لیے الیکٹرو اسپریئر کا استعمال: eMist ڈیوائسز صفائی کے محلول کو ایک دھند کے بطور لگاتی ہیں، جو مزید مکمل کوریج فراہم کرتی ہیں
- اضافی افرادی قوت: آخری مرحلے کی صفائی بڑھانے کے لیے حفظان صحت سے متعلق عملہ ٹرمینلز پر موجود ہے

# محفوظ رہیں۔ CTA

## محفوظ جگہیں اور کام کرنے کے حالات



صفائی کے معیارات

### CTA اسٹیشنز پر زیادہ صفائی


- باقاعدہ صفائی: CTA ٹرین اسٹیشنوں کو پورے دن صاف کیا جاتا ہے۔ CTA کے جمعدار ہر شفٹ میں دو بار ہر اسٹیشن کی صفائی کرتے ہیں؛ ہر اسٹیشن کی روزانہ چار بار صفائی ہوتی ہے۔
- معمول کی جامع صفائی: موبائل کلیننگ SWAT ٹیمیں اسٹیشنوں کی پاور واشنگ کریں گی۔ موبائل پاور واشنگ کے 4-5 ممبر کی دس ٹیمیں اس پورے سسٹم میں بحال کی جائیں گی اور فی ہفتہ 50-75 ریل اسٹیشنوں کی پاور واشنگ ہونے کی توقع ہے۔



مرئی رہنمائی

### سماجی دوری اور فیس کورنگ کے تقاضوں کے سلسلے میں تمام گاڑیوں اور اسٹیشنوں پر علامتی تختیاں شامل کریں

- سفر کے محفوظ طریقوں کے بارے میں رہنما خطوط شامل کریں (جیسے، فیس کورنگ، سماجی دوری، ہینڈ سینیٹائزیشن وغیرہ)



جائے کار

### سماجی دوری پر نگاہ رکھنے اور اس کو فروغ دینے میں مدد کے لیے علامتی تختی استعمال کریں

- کہاں کھڑا ہونا ہے اور کس طرح دوری رکھنی ہے اس بارے میں سواریوں کی رہنمائی کرتے ہوئے اسٹیشن کے فرش پر چھاپ شامل کریں

# محفوظ رہیں- CTA
## اعمال اور نگرانی






### بھیڑ کو کم کرنے کے لئے خدمت شامل کرنا جاری رکھیں

- جب ممکن ہو (افرادی قوت اور گاڑی کی رکاوٹوں کے پیش نظر)، راستوں/رنز پر اضافی خدمات فراہم کریں جہاں بھیڑ کی شناخت ہو




### سہارنے والی سروس کی معرفت بھیڑ کو کم کرتے رہیں

- زیادہ سے زیادہ سماجی دوری کی اجازت دینے کیلئے CTA کے معمول کی خدمت کے شیڈول کی فراہمی جاری رکھیں
- گاہکوں سے سماجی دوری کے سلسلے میں رہنما خطوط پر مواصلت کریں اور بس پر بھیڑ کا نظم کرنے میں مدد کے لیے کنٹرول کے اقدامات لاگو کریں

جانچ کرنا/ ٹریک کرنا

## جانچ کرنے اور پتہ لگانے کے پروٹوکول کے مدنظر CDPH اور CDC کی رہنمائی پر عمل کریں

- اگر ملازم COVID-19 کی زد میں آتا ہی ہے تو انہیں کام پر واپسی سے پہلے تمام CDC کے رہنما خطوط پر عمل کرنا ضروری ہے
- جانچ کے ذریعے COVID-19 مثبت کے بطور شناخت شدہ تمام ملازمین کی صفائی اور جراثیم ربائی CDC کے رہنما خطوط کے مطابق ہونا ضروری ہے
- جس کسی ملازم کا بھی ایسے ساتھی کارکن یا دیگر فرد سے قریبی رابطہ رہا ہے جس میں COVID-19 کی شناخت ہوئی ہے اسے CDC کے رہنما خطوط کے مطابق از خود کورنٹین کرنا چاہیے
- اگر کسی فسیلیٹی کو 14 دنوں کے اندر اسٹبلشمنٹ سے وابستہ امکانی طور پر 2 یا زائد کیسز کا علم ہو جاتا ہے تو ملازمین سے CDPH کے پاس ان کیسز کی رپورٹ کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے
- CDPH کی دیگر تمام طے شدہ رہنما خطوط پر عمل کریں اور جائے کار میں وبا کے جواب میں CDPH کی سفارشات کی تعمیل کریں

## فرہنگ

**مجمع:** واحد گھر سے باہر افراد کا ایک گروپ جو دس منٹ سے زیادہ وقت تک منعقد ہونے والے کسی برجستہ یا منصوبہ بند پروگرام کا حصہ ہوتا ہے

**ہاتھ دھونا:** کم از کم 20 سیکنڈ تک صابن اور پانی سے یا COVID-19 کا سبب بننے والے وائرس کو ختم کرنے کے قابل جراثیم ربا کا استعمال کر کے کسی فرد کا ہاتھوں کو خوب اچھی طرح دھونے کا عمل

**سماجی دوری:** افراد، یا افراد کے گروپ کے بیچ کم از کم چھ فٹ کی جسمانی جگہ۔

**PPE:** ذاتی حفاظتی آلات (جیسے، فیس کورنگز، چشمے، فیس شیلڈ)؛ صنعت اور مخصوص حالات کی بنیاد پر تقاضے مختلف ہیں

---

## سیلف اسکریننگ کا نمونہ سوالنامہ

**از خود اسکریننگ:** ایک پروٹوکول جس کے ذریعے کوئی ملازم شفٹ کے شروع میں سوالوں کا جواب دیتا ہے۔ کمشنر برائے صحت کی رہنمائی کے مطابق، سوالات میں شامل ہو سکتے ہیں:

- کیا آپ کے جسم کا درجۂ حرارت 100 ڈگری فارن ہائٹ سے زائد رہا ہے یا آپ نے 100 ڈگری فارن ہائٹ سے زائد جسم کے درجۂ حرارت کا علاج کرنے کے لیے پچھلے 24 گھنٹے میں بخار کم کرنے والی دوا استعمال کی ہے؟
- کیا آپ کو کوئی ایسی نئی کھانسی ہے جسے آپ صحت کی دیگر کیفیت سے منسوب نہیں کر سکتے ہیں؟
- کیا آپ کو کوئی ایسی نئی یا خراب ہوتی گلے کی خراش ہے جسے آپ صحت کی دیگر کیفیت سے منسوب نہیں کر سکتے ہیں؟
- کیا آپ کو کوئی ایسی نئی سانس لینے میں دقت ہے جسے آپ صحت کی دیگر کیفیت سے منسوب نہیں کر سکتے ہیں؟
- کیا آپ میں حالیہ دنوں میں بو یا ذائقے کا مکمل فقدان پیدا ہوا ہے؟

## مزید رہنمائی کے لیے ملکی وسائل

### جائے کار سے متعلق عام رہنمائی

**CDC** – *COVID-19 کے جوابی کی تائید کرنے والی سرگرمیاں اور پیشقدمیاں اور امریکہ کو دوبارہ کھولنے کے لیے صدر کا منصوبہ:* https://www.cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/downloads/php/CDC-Activities-Initiatives-for-COVID-19-Response.pdf

**CDC** – *کاروبار اور جائے کار کے لیے رہنمائی* https://www.cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/community/organizations/businesses-employers.html

**OSHA** *جائے کار کو COVID-19 کے لیے تیار کرنے سے متعلق رہنمائی:* https://www.osha.gov/Publications/OSHA3990.pdf

### نقل و حمل سے متعلق عام رہنمائی

**امریکی محکمۂ نقل و حمل** – *کورونا وائرس سے متعلق وسائل:* https://www.transportation.gov/coronavirus

**امریکی عوامی نقل و حمل** – *کورونا وائرس یا COVID-19 کے حوالے سے ایسوسی ایشن پبلک ٹرانزٹ کا جوابی اقدام* https://www.apta.com/public-transit-response-to-coronavirus/

**OSHA** – *رائیڈ شیئر، ٹیکسی اور کار سروس والے کارکنان کے لیے رہنمائی:* https://www.osha.gov/Publications/OSHA4021.pdf

### اعلان دستبرداری

اس دستاویز میں فراہم کردہ کوئی بھی لنکس صرف سہولت اور معلوماتی مقاصد کے لیے ہیں؛ ان سے کسی پروڈکٹ، خدمات یا کارپوریشن یا تنظیم یا فرد کی آراء کی سٹی آف شکاگو کی جانب سے تائید یا منظوری لازم نہیں آتی ہے۔ سٹی آف شکاگو خارجی سائٹ کی درستگی، قانونی جواز یا مشمولات کی یا مابعد کے لنکس کی کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتی ہے۔ خارجی سائٹس کے مشمولات کے سلسلے میں سوالوں کے جوابات کے لیے ان سے رابطہ کریں۔